## سوال

کیا علما اھلحدیث انگریز کے وفادار تھے اور انھوں نے دیوبندی علما کے مقابل کوئی قربانیاں نہیں دیں ؟

## جواب

اہلحدیث کی تحریک انگریز کے خلاف تھی اور تاریخ کے اوراق اس پر شاہد ہیں اور اس کی ایک جھلک غیر مسلموں کی زبانی یوں ہے : جناب محمد شفیع لکھتے ہیں : ڈاکٹر تاراچند نے اپنی کتاب میں لکھا ہے 1857ء کی جنگ آزادی میں مسلمانوں کے فرقہ اہلحدیث نے پانچ لاکھ انسانوں کی قربانی دی ۔ (بحوالہ تحریک اہلحدیث تاریخ کے آئینہ میں از قاضی محمد اسلم سیف ، ص259) اسی طرح ڈاکٹر ہنٹر نے برصغیر میں بالعموم یوپی بہار اور بنگال کا دورہ کر کے خفیہ رپورٹ بنائی جس کا اردو ترجمہ ہے ''ہمارے ہندوستانی مسلمان'' کے نام شائع ہو چکا ہے ۔ وہ لکھتا ہے : ''شورش کا سرچشمہ ہندوستان کے وہابی علماء ہیں اور جب تک ان علماء کا اثر عوام میں رہے گا عوام گورنمنٹ کے خلاف رہیں گے ان کا اثر توڑنے کے لیے ان کے خلاف غیر وہابی علما کو اپنا ہم خیال بنا کر ان سے فتوے لینے چاہیں تاکہ عوام میں ان کا اثر و رسوخ ختم ہو کر رہ جائے ۔'' (ہمارے ہندوستانی مسلمان بحوالہ تحریک اہل حدیث تاریخ کے آئینے میں از قاضی محمد اسلم سیف ، ص262) ہمارے خیال میں ان دو اقتباسات سے اہلحدیث علما کی پوزیشن واضح ہو جانی چاہیے ۔ نوٹ : ایک پوسٹ میں ایک ہی سوال کا جواب دیا جاتا ہے ۔

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث